आई मिलन की बेला

آئی ملن کی بیلا

اداکار

راجندر کمار - سائرہ بانو

دھرمیندر

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

گانا نمبرا

آئی ملن کی بیلا فلم کے گانے

میں پیار کا دیوانہ سب سے مجھے اُلفت ہے
ہر پھول میرا دل ہے
اور دل میں محبت ہے
گھبرا کے خزاں گزری اور دور نیا آیا
انسان کے جیون میں
اک رنگ نیا لایا
سینے میں نہ ہلچل چہرے پہ بھی رنگت ہے
سنتا ہوں میں لہروں سے
سنگیت بہاروں کے
دم لینے کو رکتا ہوں سائے میں چناروں کے
کانٹے ہوں کہ انگارے
چلنا میری عادت ہے
تو کیا مجھے اک دن مل جائے تو میں جانوں
اور پھول میرے دل کا
کھل جائے تو میں جانوں
جلوں کا پجاری ہوں
دیدار کی حسرت ہے

گانا نمبر ۲:- تم کمسن ہو ناداں ہو
نازک ہو بھولی ہو
سوچتا ہوں میں کہ تمہیں پیار نہ کروں
میں تمہیں پیار نہ کروں تم کمسن ہو
ہوش ادا یہ الڑپن
بچپن تو ابھی روٹھا ہی نہیں
احساس ہے کیا اور کیا ہے تڑپ
اس سوچ میں دل ڈوبا ہی نہیں
تم آہیں بھرو اور شکوے کرو
یہ بات ہمیں منظور نہیں
تم تارے گنو اور نیند اُڑے
وہ رات ہمیں منظور نہیں
گانا نمبر ۳:- میں کمسن ہوں ناداں ہوں
نازک ہوں بھولی ہوں
تھام لو مجھے میں یہی التجا کروں
میں یہی التجا کروں میں کمسن ہوں
ہے دل کی لگن میں جھول جھولوں
اور ہنس کے تیرے پہلو میں
تو دیکھے مجھے میں دیکھوں تجھے
اور پیار میں تیرے کھو جاؤں
جس منزل کا راہی نہ کوئی

وہ سہارا ہے منزل تو نہیں
جس دِل میں کوئی دھڑکن ہی نہ ہو
وہ پتھر ہے کوئی دِل تو نہیں
مَیں مُجرم ہوں ۔

گانا نمبر ۲ ۔ بُرا مان گئے بُرا مان گئے
پیار آنکھوں سے جتایا
تو بُرا مان گئے
حالِ دِل ہم نے سُنایا تو بُرا مان گئے
اپنے گجرے کے ہر اِک
پھول کی تعریف سنو
زخمِ دِل ہم نے دکھایا تو بُرا مان گئے
وہ تو ہر روز رُلاتے ہیں گھٹاؤں کی طرح
ہم نے اِک روز رُلایا تو بُرا مان گئے
بیخودی بھر میرے مِلتے رہے شرماتے رہے
اب ذرا ہوش میں آیا تو بُرا مان گئے
صرف اِتنی سی خطا پر
ہمیں دُشمن جانا
سر کو قدموں میں جُھکایا
تو بُرا مان گئے
تمہیں اور کیا دوں میں دِل کے سوائے
تم کو ہماری عُمر لگ جائے

مُرادیں ہوں پوری یہی ہے تمنا
محبت کی دُنیا کے تم چاند بننا
بہاروں کی منزل پہ ہنسنا ہنسانا
خوشی میں ہماری بھی آواز سننا

کبھی زندگی میں کوئی غم نہ آئے
مجھے جو خوشی ہے تمہیں کیا بتاؤں
بھلا دل کی دھڑکن کو کیسے چھپاؤں
کہیں ہو نہ جاؤں خوشی سے میں پاگل
تمہیں دیکھ کر اور بھی مسکراؤں
خدا دل جلوں کی نظر سے بچائے
ستاروں سے اونچا ہو رتبہ تمہارا
بنو تم ہر اِک زندگی کا سہارا
تمہیں جس سے اُلفت ہو مِل جائے تم کو
سمجھ لو ہماری دُعا کا اِشارہ
مقدر ہمارا سدا جگمگائے — تم کو ہماری —
گانا نمبر ۱۶ ا صنم تیرے ہو گئے ہم پیار میں تیرے کھو گئے ہم
زندگی کو اے ہمدم آ گیا مسکرانا
مِل گیا مجھ کو اے صنم زندگی کا بہانہ
دو بھٹکتے راہی آ ملے منزل پر
دو دِلوں کی کشتی آ لگی ساحل پر
مسکرائے جائیں اِک امنگ دو مقدر

رات چپ سنتی ہے یہ حسیں افسانہ
دیکھتے ہیں تارے بس گیا ویرانہ
چاند کو شرما دے آپ کا شرمانا
سونے بن میں اچانک کوئی پنچھی بولا
جاگ کر سینے سے دل کسی کا ڈولا
رات کی رانی کا کس نے گھونگھٹ کھولا
مرد۔ آہا آئی ملن کی بیلا دیکھو آئی
بن کے پھول ہر کلی مسکرائی ۔ ان سے نین ملے میں شرمائی
جانے کیوں تیز ہو جاتی ہے دل کی دھڑکن
چٹکیاں لیتی ہے کیوں سینے میں میٹھی سی چبھن
پیار جو کرتے ہیں ہوتا ہے یہی حال ان کا
دیکھئے کیا کیا دکھائے گی ابھی دل کی لگن
آج دنیا مجھے کچھ اور نظر آتی ہے
جس طرف دیکھئے تقدیر مسکراتی ہے
پیار کے رنگ میں رنگ جاتے ہیں جب دل والے
دیکھتے دیکھتے ہر چیز بدل جاتی ہے
آج سر سے ہمارا آنچل کیوں اڑا جاتا ہے
میرا دل کیوں میرے پہلو سے کھنچا جاتا ہے
منتظر ہوگا کوئی یاد کر رہا ہوگا
درد سا اٹھتا ہے جب یاد کیا جاتا ہے

ختم شد

صحت و حرفت کی کتابیں

الیکٹرک گائڈ	4/-/-	تیل عطر سازی	2/-/-
ورکشاپ گائڈ	4/-/-	گھڑی سازی	2/8/-
موٹر گائڈ	4/-/-	ریڈیو گائڈ	4/-/-
کرو ڈ آئیل	5/-/-	صابن سازی	1/8/-
دشکر مادربن	6/-/-	مکمل مرغی خانہ ہر حصہ	4/-/-
الیکٹرک وائرنگ	4/-/-	تمباکو کی دوکان	2/-/-
خرادستکتا	3/-/-	بوٹ پالش بنانا	2/8/-
آئیل انجن گائڈ	5/-/-	سینما شین آپریٹر	4/-/-
کپڑے رنگنے کا ہنر	2/-/-	شیشہ سازی	2/-/-
مکمل فوٹو گرافی	2/8/-	آچار مربے چٹنی	1/8/-
روشنائی سازی	2/-/-	باورچی خانہ	2/8/-
خوبصورت بو	1/8/-	مجموعہ فالنامہ	1/-/-
ٹریکٹر گائڈ	4/-/-	بیکری بسکٹ بنانا	2/-/-
جنتری بیمائش چوب	1/4/-	بغیر بجلی کا ریڈیو بنانا	1/4/-
کپڑے دھونے کا ہنر	2/-/-	آسان انگلش ٹیچر	2/-/-
کاشتکاری باغبانی	1/-/-	دھوپ اگربتی بنانا	1/8/-

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(سو د لیتھو پریس دہلی)